# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Date: 31 July 2026**

**Time** 09:25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں اشفاق امین

**پارلیمنٹ بل**

پارلیمنٹ نے پبلک ایگزامنیشنز ترمیمی بل **2026** منظور کیا ہے ۔راجیہ سبھا میں کل جبکہ لوک سبھا میں بدھوار کو اس بل کو بحث کے بعد منظوری دی گئی تھی ۔کل جب راجیہ سبھا کی کارروائی دو پہر کے بعد دوبارہ شروع ہوئی تو مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے یہ بل پیش کیا اور سات گھنٹوں کی بحث کے بعد اسے پاس کیا گیا۔ واضح رہے اس بل میں امتحانات میں بے ضابطگیوں کے مرتکب افراد کیلئے سخت ترین سزائیں تجویز کی گئی ہیں ۔

**PM امتحان**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں ایک قابل اعتبار امتحانی نظام وجود میں لانے کیلئے متواتر اقدامات کر رہی ہے ۔سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو پیغام میں انہوں نے کہا کہ پچھلی کئی دہائیوں سے ہر ایک ریاستی اور مرکزی حکومت نے پیپر لیکس کا سامنا کیا ہے اور اس سے طلبا کو نقصان اٹھانا پڑا ہے ۔انہوں نے کہا کہ یہ ساری صورتحال مدنظر رکھتے ہوئے تعلیم اور امتحانات کے نظام میں اصلاحات وقت کی ضرورت ہے ۔

-----**V/o**--------

**PM میٹنگ**

وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں کل سلامتی سے متعلق کابینہ کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں مغربی ایشیا کی صورتحال کے چلتے مختلف محکموں اور وزارتوں کی طرف سے کئے جا رہے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعظم نے اس موقعہ پر عوامی مفادات کے اقدامات کی تیز تر عمل آوری کو یقینی بنانے کے لئے بہتر نگرانی اور تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔

ایل جی ملاقات

انڈین چیمبر آف کامرس جموں کے چیئرمین راہل ساہائے نے کل لوک بھون جموں میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی جس دوران جموں کشمیر میں تجارت کو فروغ دینے سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

ٹریڈ سیل بی جے پی جموں کشمیر کے کنوینئر اور ٹریڈرس ایسوسی ایشن ترکوٹہ نگر کے صدر ابھینو آنند نے بھی ایل سے ملاقات کی۔انہوں نے ایل جی کو نشہ مکت جموں کشمیر مہم میں اپنا بھرپور تعاون دینے کا یقین دلایا۔

دریں اثنا نیشنل سیکورٹی گارڈ کے انسپکٹر جنرل آپریشنز میجر جنرل مکیش بھانوالا نے بھی ایل کے ساتھ ملاقات کی۔

سکینہ ایتو

تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا کہ ان کے محکمے نے کئی اصلاحات شروع کئے ہیں تاکہ اساتذہ کی ترقیوں اور دیگر معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جاسکے۔ان باتوں کا اظہار وزیر موصوفہ نے کل ایک روزہ ٹیچرس کنونشن کے دوران کیا، جس کا اہتمام جموں کشمیر ٹیچرس جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے کیا تھا۔انہوں نے کہا کہ محکمہ نے لیکچراروں کی **594** اسامیوں کو پبلک سروس کمیشن کو ریفر کی ہیں تاکہ محکمہ میں خالی پڑی لیکچرروں کی اسامیوں کو جلد پُر کیا جاسکے۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے سے جاری ہے اور اب تک مجموعی طور ساڑھے **4** لاکھ سے زیادہ یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے تھے۔

اسی بیچ آج بھگوتی نگر جموں کے بنیادی کیمپ سے ایک ہزار **605** تریوں پر مشتمل **24** واں قافلہ وادی کیلئے روانہ ہوا۔

شجر کاری

جموں کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے قائمقام چیف جسٹس جسٹس سنجیو کمار کی سربراہی میں کل ہائی کوٹ کمپلیکس جانی پورہ جموں میں ایک پیڑ ماں کے نام مہم کے تحت ایک شجر کاری مہم کا آغاز کیا گیا۔اس موقعہ پر جسٹس سنجیو کمار نے آب وہوا کی تبدیلی کو روکنے اور ماحولیاتی توازن کو برقرار رکھنے میں پیڑ پودے لگانے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ حیاتیاتی تنوع کو برقرار رکھنے کے کام میں عام لوگوں کو بھی شامل کیا جانا چاہئے۔تقریب پر عدالت عالیہ کے کئی جج صاحبان اور عدلیہ سے جڑی کئی اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے کل متعلقہ محکموں کی ایک میٹنگ کے دوران کئی اہم سڑک پروجیکٹوں کی عمل آوری اور الائنمنٹ سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔ ان پروجیکٹوں میں پارمپورہ ۔ ڈلگیٹ فلائی اوور، پانتھ چوک فلائی اوور اور پانتھ چوک سے پاندچھ تک کی سرینگر رنگ روڈ پٹی شامل ہیں ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ان پروجیکٹوں کی تیز تر عمل آوری میں حائل رکاوٹوں کو تیزی سے دور کریں ۔

اعجاز اسد

دیہی ترقی اور پنچایت راج محکمہ کے سیکریٹری اعجاز اسد نے تمام ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سوچھ بھارت مشن ( گرامین ) کی تیز تر عمل آوری کو یقینی بنائیں تا کہ ہر ایک گاؤں میں لوگوں کی دہلیز سے ہی کوڑا کرکٹ جمع کیا جاسکے ۔ کل سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ بانڈی پورہ اور بڈگام ضلعوں نے دو اختراعی سینیٹیشن ماڈل اختیار کئے ہیں ۔ اس موقعہ پر انہوں نے سوچھ سرویکشن گرامین **2025** کی حصولیابی کا بھی جائزہ لیا۔

فخرالدین

بارہمولہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر سید فخرالدین حامد کی صدارت میں کل ضلع سطح کی تیسری جائزہ میٹنگ منعقد ہوئی جس میں مختلف محکموں کے کام کاج کے علاوہ ضلعے میں عملائی جارہی مختلف فلیگ شپ سکیموں اور پروجیکٹوں کا جائزہ لیا گیا۔ ترقیاتی کمشنر نے تمام محکموں کو ہدایت دی کہ وہ نگرانی کے عمل میں تیزی لائیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ یہ پروجیکٹ کاموں کے معیار کے ساتھ سمجھوتہ کئے بغیر وقت پر مکمل ہوسکیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19** اعشاریہ **4** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **24** اعشاریہ **8** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا بلٹن ختم ہوا

خدا حافظ

---